No. of Printed Pages : 6

MUD-002

M.A. (Urdu) (MAUD)

Term-End Examination

Dec., 2023

MUD-002 : Urdu Ghazal

Time : Three Hours] *[Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب دیجئے ۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں ۔

(حصہ الف)

۱۔ غزل کے مضامین کے متعلق اپنی معلومات قلمبند کیجئے۔ ۱۰

P.T.O.

یا

جنوبی ہند میں اردو غزل کے ارتقاء پر ایک
مختصر نوٹ لکھیے۔

۲۔ دکنی غزل کی فنی خصوصیات پر اظہار خیال
کیجیے۔ ۱۰

یا

معاصر اردو غزل سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟
واضح کیجیے۔

۳۔ قلی قطب شاہ کی غزل گوئی کی خوصیات
بیان کیجیے۔ ۱۰

یا

فراق گورکھپوری کے حالات زندگی بیان کیجئے۔

(حصہ ب)

۴۔ خواجہ میر درد کی غزل گوئی کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔ ۱۵

یا

یاس یگانہ چنگیزی کی غزل گوئی کی خصوصیات مفصل انداز میں بیان کیجئے۔

۵۔ میر تقی میر کی غزل گوئی سے بحث کیجئے۔ ۱۵

یا

خلیل الرحمن اعظمی کی غزل گوئی پر اظہار خیال کیجیے۔

(حصہ ج)

۶۔ اصغر گونڈوی کے حالات زندگی کو بیان کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کی خصوصیات کو مثالوں سے واضح کیجیے۔ ۲۰

یا

مصحفی کے حالات زندگی پر مختصراً روشنی ڈالتے ہوئے مصحفی کی غزل پر اظہار خیال کیجیے۔

۷۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے۔ ۲۰

گل پھینکے ہے اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی
اے خانہ بر انداز چمن کچھ تو ادھر بھی

کیا ضد ہے مرے ساتھ خدا جانے وگرنہ
کافی ہے تسلی کو مری ایک نظر بھی

کس ہستی موہوم پہ نازاں ہے تو اے یار
کچھ اپنے شب و روز کی ہے تجھ کو خبر بھی

تنہا ترے ماتم میں نہیں شام سیہ پوش
رہتا ہے سدا چاک گریباں سحر بھی

سوداؔ تری فریاد سے آنکھوں میں کٹی رات
آئی ہے سحر ہونے کو ٹک تو کہیں مر بھی

یا

وہ دل نواز ہے لیکن نظر شناس نہیں
مرا علاج مرے چارہ گر کے پاس نہیں
ترے جلو میں بھی دل کانپ کانپ اٹھتا ہے
مرے مزاج کو آسودگی بھی راس نہیں
کبھی کبھی جو ترے قرب میں گزارے تھے
اب ان دنوں کا تصور بھی میرے پاس نہیں
گزر رہے ہیں عجب مرحلوں سے دیدہ و دل
سحر کی آس تو ہے زندگی کی آس نہیں
مجھے یہ ڈر ہے تری آرزو نہ مٹ جائے
بہت دنوں سے طبیعت مری اداس نہیں